DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 14.10.2024

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | جدید ٹیکنالوجی نہ اپنائی تو ترقی کے میدان میں پیچھے رہ جائینگے، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وفاقی آئینی عدالت کے قیام سے چھوٹے صوبوں کے احساس محرومی کا مداوا ہوگا، وزیراعلیٰ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | تعلیم وصحت کے شعبوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، سردار بابا عمرانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 04 | نصیرآباد میں آسامیوں کی فروخت کا نوٹس لیا جائے، صادق عمرانی | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس احتجاج کی دھمکی آئندہ نسلوں پر حملہ ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | بلوچ اپنے مہمانوں کا بہت احترام کرتے ہیں، عبدالرحمان کھیتران | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | خواتین کی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت کے منصوبے زیرغور ہیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | چینی وزیراعظم آج اسلام آباد پہنچیں گے، گوادر پورٹ کی سافٹ لانچنگ بھی متوقع | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | فرائض منصبی سے غفلت برتنے والوں کیخلاف سخت ایکشن لیا جائے گا، وزیرلائیوسٹاک | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | کوئٹہ کی خوبصورتی تعمیروترقی اولین ترجیحات میں شامل ہے، پارلیمانی سکرٹری | انتخاب ودیگراخبارات |
| 11 | بے گناہ کانکنون کو شہید کرنا کوئی بہادری نہیں، علی حسن زہری | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | شہید مزدوروں کے قاتلوں کو معاف نہیں کریں گے، آئی جی ایف سی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس آج ہوگا | سینچیری ودیگراخبارات |
| 14 | ڈی سی گوادر کی ہدایت پر تحصیلدار کا گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ملابند کا دورہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | خواہش ہے ہر گھر میں علم کا چراغ روشن ہو، ڈپٹی کمشنر پنجگور | انتخاب ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان پولیس میں 555 اے ایس آئی کی آسامیوں کا اعلان | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | چمن پاک افغان سرحد پر آباد شہریوں کو پاسپورٹ کی بنیاد پر سفر کرنے پر مجبور کرنا درست نہیں، سیاسی جماعتیں | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | کوئٹہ میں گندگی سے شہریوں کو مصائب کا سامنا ہے، ایچ ڈی پی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

سوئی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، حب دو منشیات فروش رنگت ہاتھوں گرفتار، قلعہ عبداللہ مسروقہ کار فائرنگ کے تبادلے کے بعد برآمد، کھڈکوچہ سے لاش برآمد، ڈیرہ مراد جمالی پرانی دشمنی کی بنا پر دو افراد قتل

## عوامی مسائل:

بھاگ شہر میں اکیسویں صدی میں بھی شہری بنیادی سہولیات سے محروم، امن وامان کی صورتحال مخدوش مسائل گھمبیر ہو گئے، انتظامیہ دعوؤں تک محدود، کوئٹہ دودھ، دہی گوشت کی من مانی قیمتیں برقرار خریدار پریشان

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 14.10.2024**

**اداریہ :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**دہشت گردی کا عفریت سیاسی منظر نامہ اور ایس سی او اجلاس** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کے ضلع دکی کے کول مائنز ایریا میں پیش آنے والی دہشت گردی سے نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں شدید تشویش اور غم وغصے کی لہر دوڑ گئی ہے یہ کوئی پہلی بار نہیں بلوچستان سمیت ملک کے مختلف حصوں میں ایک عرصے سے دہشت گردی کے واقعات رونما ہوتے آئے ہیں اور ہر چند کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران ہم نے بحثیت قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اہم ترین کامیابیاں حاصل کیں مگر گزشتہ کچھ عرصے سے ایک بار پھر دہشت گردی کی لہر کا ابھرنا یقیناً تشویشناک بات ہے مگر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی اور ملک کو ترقی واستحکام کی منزل تک پہنچانے کے لئے ضروری ہے کہ ہم بحثیت قوم اس حوالے سے کسی قسم کے پس وپیش کا شکار نہ ہوں ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے بے گناہ افراد کے خون سے ہاتھ رنگنے والے کسی رعایت کے حقدار و مستحق نہیں دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے اور ملک کو امن ترقی واستحکام کا گہوارہ بنانے کیلئے پوری قوم کو یکجہتی ہونے کی ضرورت ہے مگر کتنے افسوس اور حیرت کا مقام ہے کہ ایک ایسے وقت میں جب ایک طرف دہشت گردی اور دیگر معاشی ومعاشرتی مسائل اژدھوں کی مانند منہ کھولے کھڑے ہیں۔

**اداریے :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**کوئٹہ شہر کی خوبصورتی تعمیر وترقی اور عوامی خوشحالی اولین ترجیح** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**میرے استعفی سے دہشتگردی میں کمی آتی ہے تو ضرور استعفی دونگا** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ " Youth Empowerment throught Reko Diq IGDP " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 14 OCT 2024 Page No. 1

# جدید ٹیکنالوجی نہ اپنائی تو ترقی کے میدان میں پیچھے رہ جائینگے، گورنر

## جو ملک سولر انرجی کی پیداوار میں اضافہ کریگا روشن مستقبل بھی اسی کا ہوگا، کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ انٹرنیشنل معیار پر پورا اترنے کیلئے ہمیں پاکستان کے تمام انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کو جدید ٹیکنالوجی اور تھری ڈی پرنٹنگ کی مہارتوں سے آراستہ کرانا ہوگا، یہ ہماری اجتماعی بقا کی ضرورت ہے اور اسکے بغیر ہم من حیث القوم اقتصادی ترقی کے ہر میدان میں پیچھے رہ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ آف آرکیٹیکٹس پاکستان کوئٹہ چیپٹر کی سالانہ کانفرنس اور نمائش میں بطور مہمان خصوصی شرکت سے خوشی ہوئی کہ انجینئرز اور بلڈرز ہی ملک اور صوبے کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنیادیں فراہم کرنے اور برقرار رکھنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں انسٹیٹیوٹ آف آرکیٹیکٹ پاکستان کوئٹہ چیپٹر کی سالانہ کانفرنس اور نمائش کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا گورنر نے کہا کہ یہ بات واضح ہے کہ سائنس اینڈ انجینئرنگ کے شعبوں میں دنیا کا جو ملک بھی سولر انرجی کی پیداوار میں اضافہ کریگا تو روشن مستقبل بھی اسی کا ہی ہوگا، آپ انجینئرز بجلی کے بحران پر قابو پانے میں ہماری رہنمائی کریں کہ ہم اپنے بجلی کے روایتی نظام کو سولر انرجی پر کس طرح منتقل کر سکتے ہیں، ہمارے انجینئرز اور آرکیٹیکٹس ہماری رہنمائی کر سکتے ہیں کہ ہم کس طرح تھری ڈی پرنٹرز کے توسط سے جدید عمارتیں بنا کر سیمنٹ، سریا، اینٹ اور بجری وغیرہ کے غیر ضروری بوجھ سے چھٹکارا پا سکتے ہیں، آپ بتائیں کہ بلڈنگ کوڈ کے حوالے سے سائنس اینڈ انجینئرنگ کا نیا تصور کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت آپہنچا ہے کہ ہم جلد اپنے تمام اداروں اور محکموں کو کمپیوٹرائزڈ کریں، اس کیلئے سردست تمام پیشہ ورانہ شعبوں میں ہمیں تعداد کی بجائے استعداد بڑھانے پر توجہ مرکوز کرنی ہوگی۔ قبل ازیں جعفر مندوخیل نے دیگر صوبوں سے آئے مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ کوئٹہ میں ان کا قیام خوشگوار رہے، آخر میں گورنر بلوچستان نے مہمانان گرامی اور منتظمین میں یادگاری شیلڈز تقسیم کیں اور نمائش میں لگائے اسٹالز کا معائنہ کیا۔



کوئٹہ : گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل انسٹی ٹیوٹ آف آرکیٹیکٹس کے زیر اہتمام نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں



گورنر جعفر مندوخیل انسٹیٹیوٹ آف آرکیٹیکٹس کے زیر اہتمام نمائش کے اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

# پیشہ ورانہ شعبوں میں تعداد کی بجائے استعداد بڑھانے پر توجہ مرکوز کرنی ہوگی، گورنر بلوچستان

## انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کو جدید ٹیکنالوجی اور تھری ڈی پرنٹنگ کی مہارتوں سے آراستہ کرانا ہوگا۔ یہ ہماری اجتماعی بقا کی ضرورت ہے

## سائنس اینڈ انجینئرنگ کے شعبوں میں دنیا کا جو ملک بھی سولر انرجی کی پیداوار میں اضافہ کریگا تو روشن مستقبل بھی اسی کا ہی ہوگا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ انٹرنیشنل معیار پر پورا اترنے کیلئے ہمیں پاکستان کے تمام انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کو جدید ٹیکنالوجی اور تھری ڈی پرنٹنگ کی مہارتوں سے آراستہ کرانا ہوگا۔ یہ ہماری اجتماعی بقا کی ضرورت ہے اور اسکے.......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل انسٹی ٹیوٹ آف آرکیٹیکس پاکستان کے زیر اہتمام نمائش کی تقریب کے موقع پر لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

بغیر ہم من حیث القوم جدت، پیداواریت اور اقتصادی ترقی کے ہر میدان میں پیچھے رہ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ آف آرکیٹیکس پاکستان کوئٹہ چیپٹر کی سالانہ کانفرنس اور نمائش میں بطور مہمان خصوصی شرکت سے خوشی ہوئی کہ انجینئرز اور بلڈرز ہی ملک اور صوبے کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنیادیں فراہم کرنے اور برقرار رکھنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں انسٹیٹیوٹ آف آرکیٹیکٹ پاکستان کوئٹہ چیپٹر کی سالانہ کانفرنس اور نمائش کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سالانہ کانفرنس اور نمائش میں ان کے مرکزی اور صوبائی عہدیداران سمیت کنسٹرکشن کمپنیوں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ بات واضح ہے کہ سائنس اینڈ انجینئرنگ کے شعبوں میں دنیا کا جو ملک بھی سولر انرجی کی پیداوار میں اضافہ کریگا تو روشن مستقبل بھی اُسی کا ہی ہوگا۔ آپ انجینئرز حضرات بجلی کے بحران پر قابو پانے میں ہماری رہنمائی کریں کہ ہم اپنے بجلی کے روایتی نظام کو سولر انرجی پر کسطرح منتقل کر سکتے ہیں۔ ہمارے انجینئرز اور آرکیٹیکٹس ہماری رہنمائی کر سکتے ہیں کہ ہم کسطرح تھری ڈی پرنٹرز کی توسط سے جدید عمارتیں بنا کر سیمنٹ، سریا، اینٹ اور بجری وغیرہ کے غیر ضروری بوجھ سے چھٹکارا پا سکتے ہیں۔ آپ بتا دیجئے کہ بلڈنگ کوڈ کے حوالے سے سائنس اینڈ انجینئرنگ کا نیا تصور کیا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ وقت آپہنچا ہے کہ ہم جلد از جلد اپنے تمام اداروں اور محکموں کو کمپیوٹرائز کریں۔ اس کیلئے سردست تمام پیشہ ورانہ شعبوں میں ہمیں تعداد کی بجائے استعداد بڑھانے پر اپنی توجہ مرکوز کرنی ہوگی۔ قبل ازیں جعفر خان مندوخیل نے دیگر صوبوں سے آئے ہوئے مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور اُمید ظاہر کی کہ کوئٹہ میں ان کا قیام خوشگوار رہے۔ آخر میں گورنر بلوچستان نے مہمانان گرامی اور منتظمین میں یادگاری شیلڈز تقسیم کیے اور نمائش میں لگائے گئے تمام اسٹالز کا معائنہ کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 14 OCT 2024 Page No. 2




QUETTA: Governor Jafar Khan Mandukhel cutting ribbon to inaugurate an exhibition organized by Institute of Architects of Pakistan on Sunday.

# Governor for equipping engineers, architects with modern skills

**Staff Report**

QUETTA: Governor Balochistan Jaffar Khan Mandukhail said that to meet the international standards, we have to equip all the engineers and architects of Pakistan with modern technology and 3D printing skills.

He said that it is a necessity for our collective survival and without it we as a nation would lag behind in all areas of innovation, productivity and economic development. He expressed these views while addressing the participants of the annual conference and exhibition of the Institute of Architects Pakistan Quetta Chapter in the provincial capital Quetta. Representatives of construction companies including their central and provincial officials were also present at the annual conference and exhibition.

The Governor said that he was happy to participate as a special guest in the annual conference and exhibition of the Institute of Architects Pakistan Quetta Chapter that engineers and builders are playing a key role in providing and maintaining strong foundations for the infrastructure of the country and the province. He said that it is clear that any country in the world would increase the production of solar energy in the fields of science and engineering. "You engineers guide us to overcome the power crisis how we can shift our traditional power system to solar energy", he said.

He said that our engineers and architects could guide us on how to create modern buildings using 3D printers using cement and ceria. The Governor said that the time has come for us to computerize all our institutions and departments as soon as possible. For this, we have to focus our attention on increasing capacity rather than numbers in all professional fields, he said. In the end, Governor Balochistan distributed commemorative shields to the honored guests and organizers and inspected all the stalls set up in the exhibition.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 53 | پیر 10 ربیع الثانی 1446ھ 14 اکتوبر 2024ء | نمبر 282

# وفاقی آئینی عدالت کے قیام سے چھوٹے صوبوں کے احساس محرومی کا مداوا ہوگا، وزیراعلیٰ

## پروپوزل پیش کرنے پر چیئرمین پیپلز پارٹی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، امید ہے قوم پرست جماعتیں حمایت کریں گی، ٹویٹ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی تجویز تمام صوبوں خصوصاً بلوچستان کے لئے نیک شگون ثابت ہوگی اور مساوی بنیادوں پر بلوچستان سمیت تمام صوبوں کی آواز سنی جاسکے گی۔ وزیراعلیٰ نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو آئینی عدالت کا پروپوزل پیش کرنے پر خراج تحسین کرتے ہوئے کہا کہ آئینی عدالت کے قیام سے تمام صوبوں کی یکساں نمائندگی ممکن ہوسکے گی اور چھوٹے صوبوں کے احساس محرومی کا مداوا ہوگا، اپنے ٹویٹ میں انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی بصیرت کے نقطہ نظر پر فخر ہے امید ہے بلوچستان کی قوم پرست جماعتیں بھی اس اقدام کی حمایت کریں گی۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی وحدت امت کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 53 پیر 10 ربیع الثانی 1446ھ 14 اکتوبر 2024ء صفحات 08 شمارہ 106

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# لسانی و مذہبی بنیادوں پر تشدد بھی دہشت گردی ہے تقسیم اور مذہب کے نام پر نفرتیں پھیلانے والوں کو ناکام بنانا ہوگا، وزیر اعلیٰ

قیام پاکستان کے بعد مختلف سازشوں کے ذریعے قوم کو تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی اور قومی یکجہتی پر بار ہا حملے کئے گئے ہمیں تشدد کے خلاف یکجا ہونا اور اسے روکنا ہے

مزدوروں کو بے گناہ قتل کیا جاتا رہا اسلامی تعلیمات کے مطابق ظلم کے خلاف ہر کسی نے آواز بلند کرنی ہے غلط کو غلط کہنے کی جرات ہونی چاہئے، وحدت امت کانفرنس سے خطاب

وفاقی آئینی عدالت کی تجویز نیک شگون، بلوچستان سمیت تمام صوبوں کی آواز سنی جائے گی امید ہے بلوچستان کی قوم پرست جماعتیں بھی اس اقدام کی حمایت کریں گی، بیان

کوئٹہ، (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد مختلف سازشوں کے ذریعے قوم کو تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی اور قومی یکجہتی پر بار ہا حملے کئے گئے آج مسلم امہ تفریق کا شکار ہے جس کے باعث فلسطین سمیت دنیا بھر میں مسلمانوں کے خلاف ہونے والے مظالم پر یکجا آواز نہیں اٹھائی جارہی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو یہاں........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ خواتین اراکین صوبائی اسمبلی کا گروپ فوٹو



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وحدت امت کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

وحدت امت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ لسانی اور مذہبی بنیادوں پر تشدد بھی دہشت گردی ہے تقسیم اور مذہب کے نام پر نفرتیں پھیلانے والوں کو ناکام بنانا ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قوم پرستی اور مذہب کے نام پر ہونے والی دہشت گردی کو روکنا ہوگا ہمیں تشدد کے خلاف یکجا ہونا ہے اور اسے روکنا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں معصوم مزدوروں کو بے گناہ قتل کیا جاتا رہا اسلامی تعلیمات کے مطابق ظلم کے خلاف ہر کسی نے آواز بلند کرنی ہے غلط کو غلط کہنے کی جرات ہر کسی میں ہونی چاہئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی کا ترقی کے غیر متوازن عمل سے تعلق نہیں پاکستان کے تمام صوبوں میں پسماندگی پائی جاتی ہے ناہموار ترقیاتی عمل پر تشدد رویوں کا جواز نہیں ریاست کے سوا کسی کو یہ اجازت نہیں کہ وہ بندوق اٹھائے اور تشدد کا راستہ اختیار کرے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے وحدت امت کانفرنس کے انعقاد پر آرگنائزر کو مبارکباد دیتے ہوئے قومی و بین المذاہب ہم آہنگی کے لئے اسے ایک اہم پیش رفت قرار دیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی تجویز تمام صوبوں خصوصاً بلوچستان کے لئے نیک شگون ثابت ہوگی اور مساوی بنیادوں پر بلوچستان سمیت تمام صوبوں کی آواز سنی جاسکے گی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 301 | پیر، 10 ربیع الثانی، 14 اکتوبر 2024ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# بلوچستان میں ہونیوالی دہشتگردی کا ترقی کے غیر متوازن عمل سے تعلق نہیں ہے، سرفراز بگٹی

## ریاست کے سوا کسی کو یہ اجازت نہیں کہ وہ بندوق اٹھائے اور تشدد کا راستہ اختیار کرے اس کے خلاف ہمیں متحد ہونا ہوگا

**امہ کی تقسیم کے باعث فلسطین سمیت دنیا بھر میں ہونیوالے مظالم پر یکجا آواز نہیں اٹھائی جا پا رہی، وحدت کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد مختلف سازشوں کے ذریعے قوم کو تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی اور قومی یکجہتی پر بار با حملے کیے گئے آج مسلم امہ تفریق کا شکار ہے جس کے باعث فلسطین سمیت دنیا بھر میں مسلمانوں کے (باقی صفحہ 5 نمبر 41)

خلاف ہونے والے مظالم پر یکجا آواز نہیں اٹھائی جا پا رہی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز وحدت امت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ لسانی اور مذہبی بنیادوں پر تشدد بھی دہشت گردی ہے تقسیم اور مذہب کے نام پر نفرتیں پھیلانے والوں کو ناکام بنانا ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قوم پرستی اور مذہب کے نام پر ہونے والی دہشت گردی کو روکنا ہوگا ہمیں تشدد کے خلاف یکجا ہونا ہے اور اسے روکنا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں معصوم مزدوروں کو بے گناہ قتل کیا جاتا رہا اسلامی تعلیمات کے مطابق ظلم کے خلاف ہر کسی نے آواز بلند کرنی ہے غلط کو غلط کہنے کی جرات ہر کسی میں ہونی چاہئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی کا ترقی کے غیر متوازن عمل سے تعلق نہیں پاکستان کے تمام صوبوں میں پسماندگی پائی جاتی ہے ناہموار ترقیاتی عمل پر تشدد رویوں کا جواز نہیں ریاست کے سوا کسی کو یہ اجازت نہیں کہ وہ بندوق اٹھائے اور تشدد کا راستہ اختیار کرے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے وحدت امت کانفرنس کے انعقاد پر آرگنائزر کو مبارکباد دیتے ہوئے قومی و بین المذاہب ہم آہنگی کے لئے اسے ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی تحریک بیداری امت مصطفیٰ کوئٹہ کے زیر اہتمام وحدت امت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں مرکزی صدر سید جواد نقوی اور دیگر علماء سٹیج پر موجود ہیں

# آئینی عدالت، چھوٹے صوبوں کا احساس محرومی ختم ہوگا، وزیر اعلیٰ

**بلوچستان سمیت تمام صوبوں کی مساوی بنیادوں پر آواز سنی جا سکے گی**

## امید ہے قوم پرست جماعتیں بھی حمایت کریں گی، سرفراز بگٹی کا ٹویٹ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی تجویز تمام صوبوں خصوصاً بلوچستان کے لئے نیک شگون ثابت ہوگی اور مساوی بنیادوں پر بلوچستان سمیت تمام صوبوں کی آواز سنی جا سکے گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو آئینی عدالت کا پروپوزل پیش کرنے پر خراج تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئینی عدالت کے قیام سے تمام صوبوں کی یکساں نمائندگی ممکن ہو سکے گی اور چھوٹے صوبوں کے (باقی صفحہ 5 نمبر 35)

احساس محرومی کا مداوا ہوگا اپنے ایک ٹویٹ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی بصیرت کے نقطہ نظر پر فخر ہے امید ہے بلوچستان کی قوم پرست جماعتیں بھی اس اقدام کی حمایت کریں گی۔

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے

صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز پیر 14 اکتوبر 2024ء بمطابق 10 ربیع الثانی 1446ھ | شمارہ نمبر 282


## وفاقی آئینی عدالت کی تجویز بلوچستان کیلئے نیک شگون ثابت ہوگی، وزیراعلیٰ

### بلاول بھٹو کو آئینی عدالت کا پروپوزل پیش کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (خ۔ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی تجویز تمام صوبوں خصوصاً بلوچستان کے لئے نیک شگون ثابت ہوگی اور مساوی بنیادوں پر بلوچستان سمیت تمام صوبوں کی آواز سنی جاسکے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو بقیہ نمبر 65 صفحہ 5 پر

زرداری کو آئینی عدالت کا پروپوزل پیش کرنے پر خراج تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئینی عدالت کے قیام سے تمام صوبوں کی یکساں نمائندگی ممکن ہوسکے گی اور چھوٹے صوبوں کی احساس محرومی کا مداوا ہوگا اپنے ایک نوٹ میں وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی بصیرت کے نقطہ نظر پر فخر ہے امید ہے بلوچستان کی قوم پرست جماعتیں بھی اس اقدام کی حمایت کریں گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-23 | پیر 14 اکتوبر 2024ء بمطابق 10 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-280

# وفاقی آئینی عدالت کی تجویز تمام صوبوں کیلئے نیک شگون ثابت ہوگی، وزیراعلیٰ بلوچستان

## آئینی عدالت کے قیام سے تمام صوبوں کی یکساں نمائندگی ممکن ہوسکے گی اور چھوٹے صوبوں کی احساس محرومی کا مداوا ہوگا

## بلاول بھٹو زرداری کی بصیرت کے نقطہ نظر پر فخر ہے امید ہے بلوچستان کی قوم پرست جماعتیں بھی اس اقدام کی حمایت کریں گی

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی تجویز تمام صوبوں خصوصاً بلوچستان کے لئے نیک شگون ثابت ہوگی (ادارہ) (بقیہ نمبر25 صفحہ نمبر2 پر)

بنیادوں پر بلوچستان سمیت تمام صوبوں کی آواز سنی جاسکے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو آئینی عدالت کا پروپوزل پیش کرنے پر خراج تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئینی عدالت کے قیام سے تمام صوبوں کی یکساں نمائندگی ممکن ہوسکے گی اور چھوٹے صوبوں کی احساس محرومی کا مداوا ہوگا اپنے ایک ٹوئٹ میں وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی بصیرت کے نقطہ نظر پر فخر ہے امید ہے بلوچستان کی قوم پرست جماعتیں بھی اس اقدام کی حمایت کریں گی۔

# لسانی اور مذہبی بنیادوں پر تشدد بھی دہشت گردی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## تقسیم اور مذہب کے نام پر نفرتیں پھیلانے والوں کو ناکام بنانا ہوگا، کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد مختلف سازشوں کے ذریعے قوم کو تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی اور قومی یکجہتی پر بار (بقیہ نمبر18 صفحہ نمبر2 پر)

بار حملے کئے گئے آج مسلم امہ تفریق کا شکار ہے جس کے باعث فلسطین سمیت دنیا بھر میں مسلمانوں کے خلاف ہونے والے مظالم پر یکجا آواز نہیں اٹھائی جا پا رہی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو یہاں وحدت امت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ لسانی اور مذہبی بنیادوں پر تشدد بھی دہشت گردی ہے تقسیم اور مذہب کے نام پر نفرتیں پھیلانے والوں کو ناکام بنانا ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قوم پرستی اور مذہب کے نام پر ہونے والی دہشت گردی کو روکنا ہوگا ہمیں تشدد کے خلاف یکجا ہونا ہے اور اسے روکنا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں معصوم مزدوروں کو بے گناہ قتل کیا جاتا رہا اسلامی تعلیمات کے مطابق ظلم کے خلاف ہر کسی نے آواز بلند کرنی ہے غلط کو غلط کہنے کی جرات ہر کسی میں ہونی چاہئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی کا ترقی کے غیر متوازن عمل سے تعلق نہیں پاکستان کے تمام صوبوں میں پسماندگی پائی جاتی ہے ناہموار ترقیاتی عمل پر شدت پسندوں کا جواز نہیں ریاست کے سوا کسی کو یہ اجازت نہیں کہ وہ بندوق اٹھائے اور تشدد کا راستہ اختیار کرے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے وحدت امت کانفرنس کے انعقاد پر آرگنائزر کو مبارکباد دیتے ہوئے قومی و بین المذاہب ہم آہنگی کے لئے اسے ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8



DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 79 | پیر 14 اکتوبر 2024ء، 10 ربیع الثانی 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 282


وزیر اعلیٰ بلوچستان

# وفاقی آئینی عدالت سے مساوی بنیادوں پر تمام صوبوں کی آواز سنی جاسکے گی

## وفاقی آئینی عدالت کی تجویز تمام صوبوں خصوصاً بلوچستان کے لئے نیک شگون ثابت ہوگی، اور چھوٹے صوبوں کے احساس محرومی کا مداواہ ہوگا

## چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی بصیرت کے نقطہ نظر پر فخر ہے امید ہے بلوچستان کی قوم پرست جماعتیں بھی اس اقدام کی حمایت کریں گی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی تجویز تمام صوبوں خصوصاً بلوچستان کے لئے نیک شگون ثابت ہوگی اور مساوی بنیادوں پر بلوچستان سمیت تمام صوبوں کی آواز سنی جاسکے گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو آئینی عدالت کا پروپوزل پیش کرنے پر خراج تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئینی عدالت کے قیام سے تمام صوبوں کی یکساں نمائندگی ممکن ہوسکے گی اور چھوٹے صوبوں کی احساس محرومی کا مدوا ہوگا اپنے ایک ٹویٹ میں وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی بصیرت کے نقطہ نظر پر فخر ہے امید ہے بلوچستان کی قوم پرست جماعتیں بھی اس اقدام کی حمایت کریں گی۔

CamScanner

روزنامہ
Daily Qudrat Quetta
قدرت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
صفحات 8 قیمت 15 روپے
جلد 20 سوموار 14 اکتوبر 2024، 10 ربیع الثانی 1446ھ شمارہ 188


# لسانی اور مذہبی بنیادوں پر تشدد بھی دہشت گردی ہے، سرفراز بگٹی

## قیام پاکستان کے بعد مختلف سازشوں کے ذریعے قوم کو تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی

### قوم پرستی اور مذہب کے نام پر ہونے والی دہشت گردی کو روکنا ہوگا، ہمیں تشدد کے خلاف یکجا ہونا ہے اور اسے روکنا ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد مختلف سازشوں کے ذریعے قوم کو تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی اور قومی یکجہتی پر بارہا حملے کیے گئے آج مسلم امہ تفریق کا شکار ہے جس کے باعث فلسطین سمیت دنیا بھر میں مسلما بقیہ 8 صفحہ 6 پر

ن کے خلاف ہونے والے مظالم پر یکجا آواز نہیں اٹھائی جا پا رہی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو یہاں وحدت امت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ لسانی اور مذہبی بنیادوں پر تشدد بھی دہشت گردی ہے تقسیم اور مذہب کے نام پر نفرتیں پھیلانے والوں کو ناکام بنانا ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قوم پرستی اور مذہب کے نام پر ہونے والی دہشت گردی کو روکنا ہوگا ہمیں تشدد کے خلاف یکجا ہونا ہے اور اسے روکنا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں معصوم مزدوروں کو بے گناہ قتل کیا جاتا رہا اسلامی تعلیمات کے مطابق ظلم کے خلاف ہر کسی نے آواز بلند کرنی ہے ظلم کو ظلم کہنے کی جرات ہر کسی میں ہونی چاہیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی کا ترقی کے غیر متوازن عمل سے تعلق نہیں۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وحدت امت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1978

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 888 QUETTA Monday October 14, 2024 /Rabi' al-Thani 10, 1446 Rs: 30



QUETTA: Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti visiting under treatment patients at Bugti Trauma Center on Sunday.

# Bugti hails Bilawal for presenting proposal of Constitutional Court

Staff Report

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Sunday paid tribute to the chairman of Pakistan People's Party (PPP Bilawal Bhutto Zardari for presenting the proposal of the Constitutional Court. He said this that equal representation of all *provinces would be possible with the establishment of the Constitutional Court.*

*The Chief Minister said that fed*eral Constitutional Courts proposal would prove to be a good omen for all provinces, especially Balochistan. The voice of all provinces including Balochistan will be heard on equal basis, he said.

He said that Chairman Bilawal Bhutto Zardari is proud of visionary approach. Mr. Sarfraz Bugti hoped that the nationalist parties of Balochistan would also support this initiative.

Balochistan Chief Minister Sarfaraz Bugti had said that a mili*tary operation in the province is unnecessary, as terrorists do not possess enough strength to justify* such action.

He said that if his resignation could end terrorism, he is willing to resign. He made these remarks while speaking to the media after visiting injured coal miners at the civil hospital in Quetta the other day. Bugti expressed concern over the increasing incidents of terrorism in Balochistan, saying that terrorists are once again after soft targets, resulting in the deaths of innocent and defenceless workers. He also mentioned that a security plan review is underway and that a provincial apex committee meeting has been scheduled for October 15 to discuss terrorism-related incidents. He assured that the provincial government has full support from the federal government.

Following the Duki incident, Bugti said that operations are ongoing, and the details will be presented in the assembly. He also said that six terrorists involved in the killing of former DC Panjgur Zakir have been eliminated. Bugti further instructed that all government hospitals in the province be supplied with necessary medicines, adding that competent officials have been appointed in the health department to improve services.

The chief minister also highlighted that the suspension of 4G services would disrupt terrorist communications. Bugti praised the security forces in Turbat for recovering explosives, preventing a potential disaster in the city.

## نصیرآباد میں اسامیوں کی فروخت کا نوٹس لیا جائے' صادق عمرانی

**محکمہ پولیس کی پوسٹوں کو بھاری رقم کے عوض فروخت کر دیا گیا، صوبائی وزیر کی صحافیوں سے گفتگو**

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر ایریگیشن صادق عمرانی نے کہا ہے کہ نصیر آباد میں قوم کے محافظ نے میرٹ کی پامالی کرتے ہوئے محکمہ پولیس کی پوسٹوں کو بھاری رقم کے عوض فروخت کر دیا جس کی سوشل میڈیا میں آڈیو بھی وائرل ہو چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ نصیر آباد رینج کے ایک پولیس افسر نے لاکھوں روپے لیکر ایسے نوجوانوں کو بھرتی کیا جن میں سے بعض کا قد چھاتی پورا نہ ہونے اور پیپر میں فیل ہونے والوں کے نام لسٹوں میں فائنل کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ افسر کی سوشل میڈیا پر بھرتی کرنے کے لئے لاکھوں روپے طلب کرنے کی آڈیو کال پر بات چیت بھی وائرل ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کا ویژن اور واضح اعلان ہے کہ کسی کو بھی نوکریاں فروخت کرنے اور پیسے لینے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے نصیر آباد میں اس کے برعکس وزیر اعلیٰ کے احکامات کی دھجیاں اڑا دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اور آئی جی پولیس فوری طور پر نوٹس لیکر کارروائی کریں۔

## تعلیم وصحت کے شعبوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، سردار بابا عمرانی

**روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح، دروازے عوام کیلئے کھلے ہیں، بات چیت**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ نصیر آباد کی تعمیر وترقی وخوشحالی کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، حلقے کی پسماندہ علاقوں میں تعلیم صحت کے شعبوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف قبائلی عمائدین اور جنگ سے خصوصی بات چیت میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت میں صوبے بالخصوص نصیر آباد ڈویژن کی تعمیر وترقی پر وزیر اعلیٰ بلوچستان خصوصی توجہ دے رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ صوبے میں بے روزگاری کا خاتمہ اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کے عوام کے مسائل کو حل کرنا میری اولین ترجیح ہے اور علاقے کے عوام کے لیے میرے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، عمرانی خاندان نے ہمیشہ علاقے کے عوام کی خدمت کی ہے، انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ تعلیم وصحت کے شعبوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ علاقے میں نہری پانی تعلیم اور صحت کے شعبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

## شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس، احتجاج کی دھمکی آئندہ نسلوں پر حملہ ہے، نور محمد دمڑ

**دھرنے دینے والی جماعت ملک دشمن عناصر کا جتھہ، حلقہ انتخاب میں مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، خطاب**

ہرنائی (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ قومی اہمیت کے حامل موقع پر دھرنے دینے والی جماعت ملک دشمن عناصر کا ایک جتھہ ہے اس وقت روزگار ہمارے نوجوانوں کی اہم ضرورت ہے مگر ایک جماعت اس میں بڑی رکاوٹ ہے، شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس کے ذریعے سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کے مواقع میسر آئیں گے جو بے روزگاری کے خاتمے کا سبب بنے گا لیکن اس اہم دن پر ایک جماعت کی دھمکی پاکستان کی عزت ہی نہیں آنے والی نسلوں پر بھی حملہ ہے، حلقہ انتخاب میں امن وامان کی بحالی عوام کو صحت تعلیم روزگار سمیت دیگر تمام بنیادی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے۔ ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال ہرنائی کو مکمل فعال بنانے اور عوام مفت طبی سہولیات کی فراہمی ڈاکٹرز و دیگر عملے کو ڈیوٹی کا پابند بنانے اور قومی شاہراہوں کی تعمیر ومرمت کیلئے ہر ممکن کوشش کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈگری کالج ہرنائی میں محکمہ زراعت میں نئے تعینات ہونے والے 8 نوجوانوں میں آرڈر تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب میں کیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر خوراک کے فوکل پرسن حاجی باز محمد دمڑ، ڈپٹی کمشنر ہرنائی عارف خان کاکڑ، اے ڈی سی سعید علی کاسی، ایس پی ہرنائی محمد رفیق حمزہ، حافظ نقیب سمیت مسلم لیگ ن اور دیگر عہدیدار اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ڈگری کالج ہال پہنچنے پر صوبائی وزیر پر گل پاشی کی گئی اور گلدستے پیش کئے گئے اور روایتی لنگی بھی پہنائی گئی۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ گزشتہ دور حکومت میں بھی حلقے کے دونوں اضلاع کے دو ہزار نوجوانوں کو مختلف محکموں میں میرٹ پر تعینات کیا گیا تھا اور بیروزگاری کا خاتمہ میرا مشن اور اولین ترجیحات میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انکے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچ اپنے مہمانوں کا بہت احترام کرتے ہیں، عبدالرحمٰن کھیتران

**چینی شہریوں پر حملہ قابل مذمت اور گوادر پورٹ کے منصوبے میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش ہے**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قبائلی سردار اور ایم پی اے، بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمان کھیتران نے چند روز قبل چینی شہریوں پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے گوادر پورٹ کے منصوبے میں رکاوٹ ڈالنے کی دانستہ کوشش قرار دیا جو صوبے ..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کی لائف لائن ہے۔ اس وحشیانہ فعل کی سختی سے مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے نمائندے اور قبائلی سردار کی حیثیت سے چینی بھائیوں اور بہنوں کو یقین دلاتے ہیں کہ ان کے عوام دکھ کی گھڑی میں پوری طرح ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ تشدد کی یہ بزدلانہ کارروائی نہ صرف پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ دوستی کی توہین ہے بلکہ بلوچ ثقافت کی بھی سنگین خلاف ورزی ہے۔

## خواتین کی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت کے منصوبے زیر غور ہیں' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

**ملکی سلامتی' خواتین کو روزگار کیلئے مواقع فراہم کرنے میں پاکستان نیوی کا کردار قابل تعریف ہے' مشیر ترقی نسواں**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ ملکی سلامتی' نوجوانوں خصوصاً خواتین کو ترقی و روزگار کیلئے مواقع فراہم کرنے کیلئے پاکستان نیوی کا کردار قابل تعریف ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان نیوی کوئٹہ کے اسٹیشن کمانڈر کیپٹن عبداللہ صدیقی سے ملاقات کے دوران کیا ملاقات میں خواتین کی پیشہ ورانہ تربیت کے حوالے سے پاکستان نیوی اور محکمہ ترقی نسواں کے مابین اشتراک پر........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا بلوچستان میں خواتین کیلئے پروفیشنل ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ کے قیام کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا کہ ایسے ادارے کا قیام صوبے کی خواتین کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں قومی سطح پر اپنے ہنر منوانے کا موقع فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نیوی کے ساتھ مل کر خواتین کی تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے حوالے سے مختلف منصوبے زیر غور ہیں، جن سے نہ صرف صوبے کی خواتین کو بہتر مواقع میسر آئیں گے بلکہ بلوچستان کی سماجی واقتصادی ترقی میں بھی مثبت کردار ادا ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 OCT 2024 Page No. 15

# چینی وزیراعظم آج اسلام آباد پہنچیں گے

## ایس سی او اجلاس کل سے شروع ہوگا

## گوادر پورٹ کی سافٹ لانچنگ بھی متوقع

**پاکستان 15۔16 اکتوبر 2024 کو شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے رکن ممالک کے سربراہان حکومت کی کونسل (سی ایچ جی) کے 23 ویں اجلاس کی میزبانی کریگا**

**چین کے وزیراعظم شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کے علاوہ صدر زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کرینگے ملاقاتوں میں پاک چین تعلقات، سی پیک نئے منصوبوں اور منصوبوں کی سیکورٹی سمیت دیگر امور زیرغور آئیں گے**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان 15۔16 اکتوبر 2024 کو شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے رکن ممالک کے سربراہان حکومت کی کونسل (سی ایچ جی) کے 23 ویں اجلاس کی میزبانی کریگا، یہ اجلاس وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت جناح کنونشن سینٹر میں ہوگا۔ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کا قیام 15 جون 2001 کو چین، روس، قازقستان (بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 2 پر)

اسلام آباد (آن لائن) چین کے وزیراعظم آج پیر کو اسلام آباد پہنچیں گے اور 17 اکتوبر تک پاکستان کا دورہ کرینگے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق چین کے وزیراعظم شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کے علاوہ صدر زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کرینگے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقاتوں میں پاک چین تعلقات، سی پیک نئے (بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 2 پر)

موقف کے اس سلسلے پر ہی جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں کو فخر ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ میں پارٹی کے رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ اسلاف کے تابناک ماضی اور حال جمعیت علماء اسلام کو تمام باقی جماعتوں سے منفرد رکھتا ہے کسی مصلحت کے شکار ہوئے بغیر ہم ببانگ دہل اپنے موقف اور نظریے کے تابع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے نومنتخب اراکین مجلس عاملہ سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ شب و روز ایک کرکے اس عظیم جماعت کی آبیاری کریں گے اس کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اور تمام امور میں جمعیت علماء اسلام کو مقدم رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آج سے نئے عزم اور ولولے سے جماعت کی استحکام اور مضبوطی کیلئے تگ و دو کرنا ہے۔

منصوبوں اور منصوبوں کی سیکورٹی سمیت دیگر امور زیرغور آئیں گے۔ ترجمان کے مطابق چینی وزیر اعظم اپنے دورہ پاکستان کے دوران سیاسی قیادت سمیت اعلی عسکری حکام سے بھی ملاقاتیں کرینگے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ چینی وزیر اعظم کے ساتھ وزارت خارجہ، تجارت اور چائینہ ڈویلپمنٹ کارپوریشن ایجنسی حکام بھی ہمراہ ہونگے۔ چینی وزیراعظم خطے کی صورتحال سمیت دیگر عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کرینگے۔ وزارت خزانہ اور وزارت منصوبہ بندی نے چین کے وزیراعظم لی کیانگ کے دورے کے حوالے سے کئی منصوبوں پر ورکنگ مکمل کرلی اور امکان ہے کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی سافٹ لانچنگ، قراقرم ہائی وے کی تعمیر کے لیے دو ارب ڈالرز کے قرض سمیت مختلف معاہدوں کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق چین کے وزیراعظم لی کیانگ کے 11 سال بعد پاکستان کے دورے کے حوالے سے وزارت خزانہ اور وزارت منصوبہ بندی نے کئی منصوبوں سے متعلق ورکنگ مکمل کر لی۔ ذرائع کے مطابق نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی سافٹ لانچنگ بھی متوقع ہے جس پر تقریبا 54 ارب 98 کروڑ روپے کی لاگت آئی ہے اور گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایئربس 380 سمیت دیگر بڑے طیارے بھی لینڈ کرسکیں گے۔ چینی وزیراعظم کے دورے کے موقع پر کوہالہ ہائیڈرو پاور پروجیکٹ اور آزاد پتن ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سے متعلق پیش رفت کا امکان ہے، گوادر کول پاور پلانٹ متعلق بھی حکومت فنانشل کلوز معاہدے کی خواہاں ہے۔ ذرائع کے مطابق چین سمندر میں موجود تیل اور گیس کے ذخائر کے منصوبے میں معاہدہ چاہتا ہے، ریلوے کے سب سے بڑے اور اہم ترین پراجیکٹ ایم ایل ون پر کوئی پیش رفت کا امکان نہیں ہے۔ اس موقع پر چین کو گوشت برآمد کرنے سے متعلق پروٹوکول سائن ہونے کا امکان ہے، قراقرم ہائی وے کی تعمیر کیلئے 2 ارب ڈالرز کے قرض متعلق معاہدہ متوقع ہے، اسٹیٹ بینک اور چینی سینٹرل بینک کے درمیان کرنسی سوآپ معاہدے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان چین سے خریدی گئی اشیا کی ادائیگی یوآن میں اور چین پاکستان سے خریدی گئی اشیا کی ادائیگی روپے میں کرسکے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 OCT 2024 Page No. 16


## بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری محمد زرین مگسی صوبے میں تعلیم کی زبوں حالی سے متعلق قرارداد، بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے میر اسد اللہ بلوچ بی بی عصمت ملک میموریل اسپتال خدابادان پنجگور کو فعال نہ کرنے سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت آڈٹ رپورٹس پیش کریں گے جبکہ وقفہ سوالات میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی اور فشریز سے متعلق سوالات کے جوابات دیے جائیں گے۔

## کوہلو میں دفعدار سمیت 9 لیویز اہلکار ملازمت سے برطرف

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل بلوچ کے اعلامیہ کے مطابق ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والے لیویز فورس کوہلو کے دفعدار سمیت 9 لیویز اہلکاروں کو ملازمت سے برخاست کر دیا گیا ہے اعلامیہ کے مطابق ضلع میں غیر حاضر ملازمین کی تنخواہوں میں کٹوتی، جواب طلبی نوٹسز جاری کرنے سمیت ملازمت سے برطرفی کا عمل جاری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## شہید مزدوروں کے قاتلوں کو معاف نہیں کرینگے آئی جی ایف سی

### مائن اونرز، ٹھیکیداران اور مزدوروں کی حفاظت کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا

### دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کا وقت آ چکا ہے، میجر جنرل عابد مظہر

دکی (یو این اے) آئی جی ایف سی میجر جنرل عابد مظہر نے کہا ہے کہ نہتے مزدوروں کو بے دردی سے شہید کرنیوالے دہشتگرد کسی نرمی کے مستحق نہیں ہیں مزدور ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ہم سب ایک ہیں اور مل کر دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ رہے ہیں ایف سی بلوچستان اپنے عوام کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کرتی آ رہی ہے کول مائن اونرز .......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ٹھیکیداران اور مزدوروں کی حفاظت کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جا سکتا ان خیالات کا اظہار آئی جی ایف سی میجر جنرل عابد مظہر کا ایک روزہ دکی کا دورے پر کیا ایف سی 87 ونگ کے کیمپ میں انکو بریگیڈیئر نوید قلب عباس اور ونگ کمانڈر کرنل محمد حنیف خٹک نے گزشتہ روز کے واقعے کے متعلق بریفنگ دی اس موقع پر آئی جی ایف سی میجر جنرل عابد مظہر نے ایف سی 87 ونگ کے کیمپ میں علاقے کے معتبرین، کول مائن اونرز، پی ٹی ٹھیکیداران، کول ایسوسی ایشن، ورکرز فیڈریشن کے نمائندگان سے ملاقات کی علاقے کے معتبرین، کول مائن اونرز سمیت دیگر نے درپیش مسائل بیان کیے۔ گزشتہ شب واقعے میں شہدا ایصال ثواب کیلئے دعا کی گئی آئی جی ایف سی میجر جنرل عابد مظہر نے کہا ہے کہ ہم سب ایک ہیں اور مل کر دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ رہے ہیں۔ نہتے مزدوروں کو بے دردی سے شہید کرنیوالے دہشتگرد کسی نرمی کے مستحق نہیں ہیں دہشتگردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کا وقت آ چکا ہے ایف سی بلوچستان اپنے عوام کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کرتی آ رہی ہیں اسوقت ہمیں متحد رہنے کی ضرورت ہے تاکہ دشمن کو صفا ہستی سے مٹایا جا سکے کول مائن اونرز، ٹھیکیداران اور مزدوروں کی حفاظت کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جا سکتا مزدور ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں

## بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس آج ہوگا

### اجلاس میں دہشتگردی سے نمٹنے کے حکمت عملی سمیت دیگر اہم امور پر غور کیا جائیگا

### وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم سمیت اعلیٰ حکام شرکت کرینگے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال پر اعلیٰ سطح اجلاس آج طلب کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان میں دہشتگردی کے حالیہ واقعات کے بعد سیکورٹی صورتحال پر اعلیٰ سطح اجلاس آج ہوگا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) سمیت دیگر اعلیٰ ........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

حکام شریک ہونگے، اجلاس کے شرکاء کو صوبے کی سیکورٹی صورتحال پر بریفنگ دی جائے گی، اجلاس میں دہشتگردی سے نمٹنے کے حکمت عملی سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال جائے گا۔

## ڈی سی گوادر کی ہدایت پر تحصیلدار کا گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ملابند کا دورہ

### طالبات نے اسکول میں پانی قلت کی شکایت کی جسے حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن کی ہدایت پر تحصیلدار گوادر چنگیز بلوچ نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ملابند کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ہیڈ مسٹرس سے اسکول کی تعلیمی صورتحال پر بات چیت کی اور کلاسز کا بھی معائنہ کیا۔ تحصیلدار نے طلباء سے ان کے مضامین کے بارے میں سوالات کیے، جس پر طالبات نے بہترین جوابات دیے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اگر ہیڈ مسٹرس اور اساتذہ محنت کرتے رہیں تو طالبات ملک و قوم کے لیے نہایت مفید شہری بن سکتی ہیں اور معاشرے کی بھلائی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ آخر میں، اساتذہ اور طلباء نے ڈپٹی کمشنر گوادر سے درخواست کی کہ اسکول میں پانی کی فراہمی کے مسئلے پر توجہ دی جائے تاکہ سکول کے مسائل کم سے کم ہو جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 14 OCT 2024 Page No. 17


## خواہش ہے ہر گھر میں علم کا چراغ روشن ہو، ڈپٹی کمشنر پنجگور

ٹیم تشکیل دیدی جو لائبریریوں کا جائزہ و انکے مسائل وضروریات کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ پیش کریگی، زاہد لانگو

پروم میں بھی ایک لائبریری کا قیام عمل میں لائیں گے ڈی سی کی ہدایت پر پنجگان لائبریری کو فرنیچر و دیگر ضروری سامان فراہم

پنجگور (ح ن) ڈپٹی کمشنر پنجگور زاہد لانگو کی خصوصی ہدایت پر اے ڈی سی بابر علی، تحصیلدار عبدالحمید کی سربراہی میں ٹیم نے پنجگان لائبریری کا دورہ کیا اور ڈپٹی کمشنر کی جانب سے فراہم فرنیچر پہنچا دیئے لائبریری اسٹاف سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے ڈپٹی کمشنر زاہد لانگو نے پنجگور پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجگور کی تمام لائبریریوں اور ڈیجیٹل لائبریرز کو فعال بنانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں گے پہلے مرحلے میں پنجگان سٹی کی مین لائبریری کو فرنیچر سمیت دیگر سہولیات فراہم کر دیئے انہوں نے کہا کہ پنجگور کی دیگر یونین کونسلوں سوردو، تسپ، خدابادان، بونستان، وشبود، گرمکان سمیت دیگر علاقوں میں موجود تمام لائبریریوں کو مکمل طور پر فعال کریں گے اس سلسلے میں اے ڈی سی بابر علی اور تحصیلدار عبدالحمید کی سربراہی میں ایک ٹیم تشکیل دیدی گئی جو تمام لائبریری کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ ان کے مسائل اور ضروریات کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ پیش کریگی اور اس کی روشنی میں ان کے مسائل حل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پروم میں بھی ایک لائبریری کا قیام عمل میں لائیں گے تاکہ وہاں کے طلباء اور تعلیم یافتہ طبقہ اس سے استفادہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ جدید دور میں طلباء کو حصول علم کیلئے بہترین ماحول کی فراہمی ضروری اور وہ لائبریری کی شکل میں ہونی چاہئے ہماری خواہش اور کوشش یہی ہے کہ علم کا چراغ ہر گھر میں روشن ہو اس سلسلے میں والدین سمیت تمام مکاتب فکر کے لوگ اپنا حصہ ڈالیں تاکہ ہم سب ملکر تعلیم اور ترقی کا سفر طے کریں۔


INTEKHAB QUETTA


## بلوچستان پولیس میں 555 اے ایس آئی کی اسامیوں کا اعلان

مذکورہ اسامیاں بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو بھیجی گئی ہیں تاکہ میرٹ کی بنیاد پر شفاف بھرتیوں کو یقینی بنایا جاسکے

بھرتی کے عمل میں 10 فیصد کوٹہ پولیس شہداء، فوت شدہ اور ریٹائرڈ پولیس اہلکاروں کے بچوں کیلئے مخصوص کیا گیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) آئی جی پولیس بلوچستان، معظم جاہ انصاری کی خصوصی کاوشوں کی بدولت بلوچستان میں پولیس فورس میں 555 اسسٹنٹ سب انسپکٹرز (ASI) کی نئی آسامیوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ یہ آسامیوں بلوچستان پبلک سروس کمیشن (BPSC) کو بھیجی گئی ہیں تاکہ میرٹ کی بنیاد پر شفاف بھرتیوں کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس اقدام کا مقصد صوبے کی پولیس فورس میں نوجوان اور تعلیم یافتہ افراد کو شامل کر کے امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانا ہے۔ خاص طور پر مکران ڈویژن کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے یہ ایک اہم موقع ہے، کیونکہ 555 آسامیوں میں سے 60 مکران ڈویژن کے بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

لیے مختص کی گئی ہیں۔ یہ آسامیاں ان نوجوانوں کے لیے ایک سنہری موقع فراہم کرتی ہیں جو پولیس فورس میں شامل ہو کر ملک وصوبے کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ، بھرتی کے عمل میں 10 فیصد کوٹہ پولیس شہداء، فوت شدہ اور ریٹائرڈ پولیس اہلکاروں کے بچوں کے لیے مخصوص کیا گیا ہے، جو کہ ان خاندانوں کی فلاح وبہبود کے لیے ہونگے۔

## بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس آج ہوگا

اجلاس میں وزیراعلیٰ، کور کمانڈر سمیت دیگر اعلیٰ حکام شرکت کرینگے، شرکاء کو بریفنگ دی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال پر اعلیٰ سطح اجلاس آج طلب کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان میں دہشتگردی کے حالیہ واقعات کے بعد سیکورٹی صورتحال پر اعلیٰ سطح اجلاس آج ہوگا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل بقیہ نمبر 58 صفحہ 5 پر

راحت نسیم، آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) سمیت دیگر

اعلیٰ حکام شریک ہونگے، اجلاس کے شرکاء کو صوبے کی سیکورٹی صورتحال پر بریفنگ دی جائے گی، اجلاس میں دہشتگردی سے نمٹنے کے حکمت عملی سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 14 OCT 2024 Page No. 19

# پشتونخوا وطن میں عوام کے جائز حقوق سلب کئے جا رہے ہیں، پشتونخوا نیپ

استعماری حکمرانوں نے بڑی ڈھٹائی کے ساتھ جرگے کو سبوتاژ کرنے کیلئے غیر آئینی اقدامات کئے، صوبائی صدر

ماضی میں بھی ہمارے ملی شہید عثمان خان کاکڑ اور دیگر نے قومی حقوق او اختیار کیلئے قربانی کی لازوال داستان رقم کی، خطاب

زیارت (آن لائن) خیبر کے شہید شیراز خان پانیزئی کے نماز جنازہ اور تجہیز و تدفین کے مراسم ضلع زیارت کے علاقہ کچھ میں پورے اسلامی اور پشتنی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ اور دیگر مراسم میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر سابق ممبر صوبائی اسمبلی نصراللہ خان زیرے کی سربراہی پشتونخوا نیپ کے اعلیٰ سطحی وفد نے شرکت کی جس میں پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکریٹریز......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

رحمت اللہ صابر، فیاض خان پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے اراکین ناظم مہراللہ خان، ہاشم خان، عبدالرازق، حیات اللہ کارل، نورالامین خان کاکڑ پارٹی کے صوبائی کمیٹی کے ممبران باچا خان، باقی ملاخیل، قیام الدین کاسی، سردار جہانزیب خان، اللہ نور، جمال خان، عبیداللہ بریال، حاجی آغا محمد، علاالدین خان، تاج الدین کاسی، حافظ احسان اللہ، عزیز اللہ نصیر احمد، زین اللہ زرغون، نظر محمد غمگین، لعل محمد، ناصر خان آف زیارت اور سینکڑوں افراد، سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں، قبائلی عمائدین، علما کرام نے شرکت کی۔

# طویل قانونی تشریحات کیلئے آئینی عدالت کی ضرورت نہیں، نواب اسلم رئیسانی

آئین اس انداز میں ہونا چاہئے کہ عام شہری و پارلیمنٹ کے ارکان آسانی سے سمجھ سکیں، سابق وزیراعلیٰ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام کے رہنماء وسابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ (ٹویٹر) ایکس پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ طویل قانونی تشریحات کے لئے آئینی عدالت کی ضرورت نہیں ہونی چاہئے اگر آئین اس انداز میں لکھی جائے

# بلوچستان کے مسئلے پر بلوچوں کو تقسیم در تقسیم کیا گیا' نوابزادہ جمیل اکبر بگٹی

بلوچستان کے مسئلے کے حل کیلئے سب کو ایک میز پر لانے کی ضرورت ہے، صاحبزادہ نواب اکبر بگٹی

آپ نے اپنی روح شیطان کے ہاتھ بیچ دی' سینیٹر ایمل خان ولی کے بیان پر ردعمل

کوئٹہ (یو این اے) شہید نواب اکبر خان بگٹی کے صاحبزادے نوابزادہ جمیل اکبر بگٹی نے سینیٹر ایمل ولی خان کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ صرف اس لئے کہ آپ نے اپنی روح شیطان کے ہاتھ بیچ دی اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہر کوئی آپ جیسا ہو جو اس ورکشاپ کی پیداوار ہے جس کے بارے میں وہ اس قدر اتفاق اور فخر......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

سے اپنی آواز اور چہرے پر پیار سے بولتا ہے واضح رہے کہ اے این پی کے سینیٹر ایمل ولی خان نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی خلائی کارخانہ ہے کوئی عام شخص 20 ہزار لوگوں کو 2 وقت کا کھانا پورا نہیں کر کے دے سکتا انہوں نے جو کیا وہ آسان کام نہیں ہے شائد لوگوں کی سمجھتی اس لئے ہے کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ انتہائی بڑا ہے، اگر ریاست کسی کو نہ آنے دیں کیا وہ اسلام آباد تک پہنچ سکتا ہے لاپتہ افراد کے مسئلے پر واضح موقف ہے لاپتہ افراد کا مسئلہ جلد حل ہونا چاہئے کسی بھی ریاست میں یہ نہیں ہوسکتا کہ عام شہری لاپتہ ہوں

MASHRIQ QUETTA

1893 میں انگریز استعماری قوتوں کی جانب سے ڈیورنڈ لائن کو تقسیم کرنے کے بعد بھی 2022 تک ہماری آمد ورفت شناختی کارڈ اور تذکرہ پر تھی

# چمن: پاک افغان سرحد پر آباد شہریوں کو پاسپورٹ کی بنیاد پر سفر کرنے پر مجبور کرنا درست نہیں، سیاسی جماعتیں

اپیکس کمیٹی کے ظالمانہ فیصلے کے تحت ڈیورنڈ لائن پر آباد پشتون افغان لاکھوں لوگ بیروزگار ہو چکے ہیں، سینکڑوں خاندانوں کے مسائل میں اضافہ ہوا

یہ ایک اہم موقع ہے کہ پشتون افغان کی شناخت اور حقوق کی حفاظت کے لیے اکٹھے ہو کر اس جدوجہد میں حصہ لیا جائے، جماعتوں کا جدوجہد تیز کرنیکا عزم

چمن (نامہ نگار) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ، عوامی نیشنل پارٹی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی، اور تاجر لغوی اتحاد چمن نے ڈیورنڈ لائن پر پاسپورٹ سسٹم کے نفاذ کے خلاف اپنی مزاحمت کو بڑھانے کا عزم کیا ہے۔ یہ جماعتیں ایک مشترکہ بیان میں واضح کرتی ہیں کہ پشتون افغان ہزاروں سال سے اپنی سرزمین پر امو سے لیکر اباسین تک آباد ہے اور آزادانہ طور پر ایک دوسرے کے ساتھ نقل وحرکت کرتے آرہے ہیں، 1893 میں انگریز استعماری قوتوں اور عالمی طاقتوں نے ڈیورنڈ لائن کو تقسیم کرنے کے بعد بھی 2022 تک ہماری آمد ورفت شناختی کارڈ اور تذکرہ پر تھے مگر حالیہ ناروا اور جابرانہ فیصلے نے ان پشتونوں کی روزمرہ زندگی میں مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ یہ جماعتیں اپیکس کمیٹی کے فیصلے کو ظالمانہ قرار دیتی ہیں، جس کے تحت ڈیورنڈ لائن پر آباد پشتون افغان کو پاسپورٹ کی بنیاد پر سفر کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس فیصلے کی وجہ سے چمن کے لاکھوں لوگ بے روزگار ہو چکے ہیں، اور ان کے معاشی حالات بہت خراب ہو چکے ہیں۔ قلعہ عبداللہ سے لے کر کوئٹہ تک آباد پشتون اور کندھار کے لوگ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ خاص طور پر، چمن کے 800 سے زیادہ بچے اسکول چھوڑنے پر مجبور ہو چکے ہیں، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ان کی تعلیم اور مستقبل کو خطرات لاحق ہیں۔ آمرانہ طاقتیں نہیں چاہتیں کہ پشتون بچے تعلیم حاصل کریں، کیونکہ انہیں اس تعلیم سے خوف ہے۔ چمن کے عوام دو وقت کی روٹی کے لیے در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، اور اس صورتحال میں تمام سیاسی کارکنوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس قومی مسئلے میں آواز بلند کریں۔ یہ ایک اہم موقع ہے کہ پشتون افغان کی شناخت اور حقوق کی حفاظت کے لیے اکٹھے ہو کر اس جدوجہد میں حصہ لیا جائے۔ ان جماعتوں نے حکومت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ڈیورنڈ لائن کے آباد پشتونوں کو شناختی کارڈز اور تذکرہ کی بنیاد پر آمد ورفت کی اجازت دی جائے۔ یہ مطالبات نہ صرف معاشی بہتری کے لیے ہیں، بلکہ ایک قوم کی حیثیت سے ان کے حقوق کی بحالی کے لیے بھی ضروری ہیں۔ تمام سیاسی وسماجی کارکنوں کو چاہیے کہ وہ اس جدوجہد میں شامل ہوں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 4

Dated 14 OCT 2024 Page No 20

## ڈیرہ مراد جمالی: پرانی دشمنی کی بنا پر دو افراد قتل

# بھاگ شہر میں اکیسویں صدی میں بھی شہری بنیادی سہولیات سے محروم

سول ہسپتال بھاگ میں ٹیکنیشن اسٹاف کی کمی کی وجہ سے ایمرجنسی میں مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

کچھی کی سب سے بڑا تحصیل ہونے کے ساتھ ساتھ قدیم شہر ہے، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جو کہ کھنڈرات میں تبدیل

مہنگائی کے دور میں غریب دہاڑی دار طبقہ اپنا گھر بمشکل چلا پاتا، عطائی ڈاکٹروں کے پرچے ان کی جان نکال لیتے ہیں

بھاگ (نمائندہ خصوصی) تحصیل بھاگ میں مسائل کے انبار عوامی نمائندے بھی بے عوام پریشان حال ہے تفصیلات کے مطابق بھاگ شہر میں اکیسویں صدی میں بھی لوگ بنیادی سہولیات سے محروم ہیں بھاگ شہر جو ضلع کچھی کا سب سے بڑا تحصیل ہونے کے ساتھ ساتھ قدیم شہر ہے مگر انسانی زندگی کی ضرورت کی سہولیات سے محروم ہے، بھاگ شہر کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جو کہ کھنڈرات میں تبدیل ہوگیا ہے۔ جو کہ محکمہ صحت کے افسران اور ضلعی انتظامیہ کے لیے سوالیہ نشان ہے سول ہسپتال بھاگ میں ٹیکنیشن اسٹاف کی کمی کی وجہ سے ایمرجنسی میں مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے دور دراز علاقوں سے آنے ہوئے مریض صحت کی سہولیات سے محروم ہیں ہسپتال میں نہ میڈیسن ہے نہ کوئی ایکسرے کی سہولت۔ ٹیسٹ کی کوئی جدید سہولیات موجود نہیں ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ سول ہسپتال بھاگ میں حالیہ بجٹ میں میڈیسن کا کوٹہ تو بڑھایا گیا ہے مگر سول ہسپتال بھاگ میں سر درد سے لیکر بخار کی دوائی بھی موجود نہیں اس کے علاوہ بھاگ شہر میں سٹی سمیت درجنوں دیہات ہیں جہاں پر اکثر باولے کتوں کیکاٹنے کے واقعات پیش آتے ہیں اور جب متاثرہ افراد سول ہسپتال بھاگ کا رخ کرتے ہیں تو وہاں پر موجود ڈاکٹروں سن کر لوگ بے ہوش ہو جاتے ہیں آن کو علاج دینے کی بجائے مختلف طریقوں سے پریشان کر دیتے ہیں گزشتہ دن ایک غریب شخص کو کتے نے کاٹا تھا اور وہ سول ہسپتال بھاگ علاج کے غرض سے گیا مگر نہ اس کو کتے کاٹنے کی ویکسین لگائی گئی اور نہ درد کا انجکشن لگایا گیا وہ درد کے مارے ہسپتال میں بے ہوش ہو کر گر گیا اور وہاں سے درد کے مارے خالی ہاتھ لوٹ آیا۔ مگر محکمہ صحت کے ضلعی افسران سمیت انتظامیہ کے کانوں پر بھی جوں تک نہیں رینگتی شہری مجبوری کے باعث پرائیویٹ کلینک اور میڈیکل اسٹور کا روخ کرتے ہیں اور رہی کثر وہاں پر بیٹھے عطائی ڈاکٹر پوری کر دیتے ہیں اس مہنگائی کے دور میں جہاں غریب دہاڑی دار طبقہ اپنا گھر بمشکل چلا پاتا ہے

INTEKHAB QUETTA

# امن وامان کی صورتحال مخدوش مسائل گھمبیر ہو گئے، انتظامیہ دعوؤں تک محدود

حب میں پانی، بجلی، گیس، تجاوزات اور ٹریفک کا کوئی نظام درست نہیں، پانی کے مصنوعی بحران کیخلاف شہری سراپا احتجاج

اعلیٰ سرکاری افسران کے دفاتر عام شہریوں کیلئے نوگو ایریا بن چکے، بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ نے بھی زندگی اجیرن کردی

حب (نمائندہ انتخاب) حب شہر میں امن وامان کی انتہائی مخدوش صورتحال کے ساتھ شہری مسائل بھی گھمبیر صورتحال اختیار کر گئے پانی بجلی گیس تجاوزات ٹریفک کا کوئی نظام درست نہیں انتظامیہ کی کاروائیاں فوٹو سیشن تک محدود ہیں بجلی اور پانی کے مصنوعی بحران کے خلاف شہری سراپا احتجاج ہیں سرکاری افسران اور حکام کے اجلاس کے فیصلے بھی بند کمروں تک سُن سُنا اور سننے تک محدود عملدرآمد کا فقدان شہر

بقیہ نمبر11 صفحہ 5 پر

میں پانی کا بحران انتہائی سنگین صورتحال اختیار کر چکا ہے اریگیشن ڈیپارٹمنٹ سوشل میڈیا پر پانی کی مکمل فراہمی کا دعویدار جبکہ زمینی حقائق دعوؤں کے برعکس ہیں عوام کا کوئی پرسان حال نہیں شہریوں کی فریاد اس حوالے سے حب کے عوامی اور شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ پچھلے تین ہفتوں سے حب کے عوام کو پانی کی فراہمی معطل ہے شہری پرنٹ اور سوشل میڈیا کی توسط سے اپنی فریاد سے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام تک اپنی آواز پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن چونکہ اعلیٰ سرکاری افسران کے دفاتر عام شہری کیلئے نوگو ایریا بن چکے ہیں وہاں تک کسی عام شہری کو رسائی نہیں دی جاتی ہے جسکے سبب کوئی نوٹس نہیں لیا جارہا اور حب کے شہریوں کو حب اور کراچی کے واٹر ٹینکر مافیا کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا لسبیلہ کینال سے حب کے عوام کے پانی کے حق پر ڈاکہ ڈال کر فروخت کیا جا رہا ہے انتظامیہ کی طرف سے کاروائیاں محض فوٹو سیشن تک محدود ہیں عملی طور پر کوئی بھی اقدام نہیں اٹھایا جا رہا پانی چور مافیا سیاسی اور مٹھی گرم کرنے کے اثر ورسوخ کے فارمولے پر عمل پیرا ہو کر زور آور بن چکا انتظامیہ کی دو غیر قانونی بائیڈرینٹس اور دو واٹر ٹینکرز کی

پکڑ دھکڑ کر کے تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل کر کے بالا حکام کو مطمئن کرنے کی حد تک ہے جبکہ حب اور ساکران کے راستے سے روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں کروڑوں گیلن پانی چوری کر کے واٹر ٹینکرز کے ذریعے کراچی سپلائی کیا جا رہا ہے اور غیر قانونی بائیڈرینٹس کی بھر مار ہے لیکن وہاں پر کاروائی سے افسران کے پر کیوں جل جاتے ہیں معاملات سمجھ سے بالاتر ہیں عوامی اور شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اسی طرح سے گزشتہ کئی ہفتوں سے حب شہر میں بجلی کا بھی بحران شدت اختیار کر چکا ہے دن کے اوقات میں چند گھنٹوں کے سوا اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے ساتھ ساتھ دن اور رات کے وقت غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ

نے حب ساکران اور گڈانی کے عوام کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی ہے آئے روز دن اور رات کے وقت شہری بجلی کی طویل شٹ ڈاؤن کے خلاف سڑکوں پر سراپا احتجاج نظر آتے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ دن کے وقت شدید گرمی اور رات کو مچھروں کی بہتات کے سبب انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے دوسری جانب حب کے شہری مسائل کے نام پر آئے روز سرکاری محکموں کے ضلعی افسران اور حکام کے اجلاس بھی منعقد ہوتے رہتے ہیں لیکن بند کمروں میں ہونے والے اجلاسوں میں میڈیا کو رسائی نہ دینے کی وجہ سے ایک طرف حکام کے احکامات اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے فیصلوں سے عوام کو آگاہی نہیں ہو رہی تو دوسری طرف ان اجلاسوں کے ثمرات سے بھی عوام محروم نظر آتے ہیں۔

QUDRAT QUETTA

# کوئٹہ: دودھ، دہی، گوشت کی من مانی قیمتیں برقرار، خریدار پریشان

شہر میں دودھ 200 دہی 240 بکرے کا گوشت 240 مرغی 630 فی کلو فروخت ہو رہی ہے

190 روپے فی لیٹر کے بجائے 200 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ دہی 200 روپے فی کلو کے بجائے 240 روپے میں فروخت ہو رہا ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں دودھ، دہی، گوشت من مانی قیمت پر فروخت جاری ہے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں دودھ، دہی، گوشت اور دیگر اشیا کی من مانی قیمت پر فروخت جاری ہے شہر میں دودھ سرکاری نرخ 190 روپے فی لیٹر کے بجائے 200

بقیہ 79 صفحہ 6 پر

روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ دہی 200 روپے فی کلو کے بجائے 240 روپے میں فروخت ہو رہا ہے بکرے کا گوشت سرکاری نرخ 1900 روپے کے بجائے 2200 تک میں فروخت ہو رہا ہے دوسری جانب مرغی کے گوشت کی فی کلو قیمت میں 50 روپے کی کمی ہوئی ہے جس کے بعد مرغی کے فی کلو گوشت کی قیمت 680 سے کم ہو کر 630 روپے ہوگئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 14 OCT 2024 Page No. 22


# میرے استعفیٰ سے دہشتگردی میں کمی آتی ہے تو ضرور استعفیٰ دونگا

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ میرے استعفیٰ سے اگر بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات میں کمی آتی ہے تو میں ضرور استعفیٰ دونگا، میرے استعفیٰ سے متعلق فیصلہ اسمبلی اور عوام کریگی، ایپکس کمیٹی کا اجلاس طلب کیا گیا ہے جس میں دہشتگردی کے واقعات پر غور کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے بڑھتے واقعات باعث تشویشناک ہیں دہشتگردوں نے ایک بار پھر دکی میں سوفٹ ٹارگٹ کو نشانہ بنایا دہشتگردوں نے معصوم اور نہتے مزدوروں کو شہید کیا سیکورٹی فورسز دہشتگردی کا ڈٹ کر مقابلہ کررہی ہیں بلوچستان میں 30 ہزار سے زائد مزدور کول مائنز میں کام کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت میں بہت سارے مسائل ہیں اور ان مسائل کو حل کرنے کے لئے وزیر صحت کوشاں ہیں، محکمہ صحت میں بہتری لائی جارہی ہے صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی کی ہدایت کردی ہے محکمہ صحت میں بہتری کیلئے قابل افسران کو تعینات کیا گیا ہے ایک ماہ کے اندر محکمہ صحت میں بہتری دیکھنے کو ملے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میرے استعفیٰ سے اگر دہشتگردی کے واقعات میں کمی آتی ہے تو میں ضرور استعفیٰ دونگا جب آپ دہشتگردی کے خلاف جنگ کررہے ہوتے ہیں تو آپکو پہلے پالیسی کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست اور ریاستی اداروں کو ایک ایک انچ کو تحفظ فراہم کرنا ہوتا ہے لیکن دہشتگرد سوفٹ ٹارگٹ کو دیکھ کر نشانہ بناتے ہیں بلوچستان میں دہشتگرد فورجی سرومز کے ذریعے کیمونیشن کرتے ہیں دہشتگردی کی خلاف بحیثیت قوم جنگ لڑنی ہوگی ریاست کیلئے آپریشن کرنا مشکل نہیں سیکورٹی پلان کا ازسرنو جائزہ لیا جائے گا۔ ریاست اور ریاستی اداروں کو ایک ایک انچ کو تحفظ فراہم کرنا ہوتا ہے لیکن دہشتگرد سوفٹ ٹارگٹ کو دیکھ کر نشانہ بناتے ہیں بلوچستان میں دہشتگرد فورجی سرومز کے ذریعے کیمونیشن کرتے ہیں دہشتگردی کی خلاف بحیثیت قوم جنگ لڑنی ہوگی ریاست کیلئے آپریشن کرنا مشکل نہیں سیکورٹی پلان کا ازسرنو جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دکی میں سرچ آپریشن چل رہا ہے اور فورسز دہشتگردوں کے پیچھے ہیں ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ کی شہادت کے بعد ہم نے 6 دہشتگرد مارے اور 26 اگست واقعے کے بعد بھی چند لوگ مارے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تربت میں سیکورٹی فورسز نے دہشتگردی کے ایک بڑے منصوبے کو ناکام بنایا سیکورٹی فورسز دہشتگردوں کی جن کارروائیوں کو ناکام بناتے ہیں وہ کسی کو نظر نہیں آتی البتہ اگر کہیں ایک واقعہ ہوجائے تو وہ سب کی نظروں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت کو وفاق کا مکمل تعاون حاصل ہے ریاست کے لئے ملٹری آپریشن مشکل نہیں لیکن صوبے میں بار بار ایسے واقعات کا رونما ہونا کسی چیلنج سے کم نہیں ہے ان واقعات پر غور کیا جائیگا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے سانحہ دکی کے شہداء کو 15 لکھ روپے معاوضہ دیا جائیگا ہماری کوشش ہوگی کہ اسے بڑھایا جائے بلوچستان میں بہت سارے کاروبار ہورہے ہیں ان میں سے ایک مائنز کا بھی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کا سب سے بڑا ٹول ہی کیمونیکیشن ہے دہشت گردوں کے مابین رابطوں کو توڑنا کو ہوگا۔ میرے استعفیٰ سے اگر بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات میں کمی آتی ہے تو میں ضرور استعفیٰ دونگا، میرے استعفیٰ سے متعلق فیصلہ اسمبلی اور عوام کریگی، ایپکس کمیٹی کا اجلاس طلب کیا گیا ہے جس میں دہشتگردی کے واقعات پر غور کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے بڑھتے واقعات باعث تشویشناک ہیں دہشتگردوں نے ایک بار پھر دکی میں سوفٹ ٹارگٹ کو نشانہ بنایا دہشتگردوں نے معصوم اور نہتے مزدوروں کو شہید کیا سیکورٹی فورسز دہشتگردی کا ڈٹ کر مقابلہ کررہی ہیں بلوچستان میں 30 ہزار سے زائد مزدور کول مائنز میں کام کررہے ہیں۔ ایک ماہ کے اندر محکمہ صحت میں بہتری دیکھنے کو ملے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میرے استعفیٰ سے اگر دہشتگردی کے واقعات میں کمی آتی ہے تو میں ضرور استعفیٰ دونگا جب آپ دہشتگردی کے خلاف جنگ کررہے ہوتے ہیں تو آپکو پہلے پالیسی کی ضرورت ہوتی ہے۔ بلوچستان میں 30 ہزار سے زائد مزدور کول مائنز میں کام کررہے ہیں۔ ایک ماہ کے اندر محکمہ صحت میں بہتری دیکھنے کو ملے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میرے استعفیٰ سے اگر دہشتگردی کے واقعات میں کمی آتی ہے تو میں ضرور استعفیٰ دونگا جب آپ دہشتگردی کے خلاف جنگ کررہے ہوتے ہیں تو آپکو پہلے پالیسی کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست اور ریاستی اداروں کو ایک ایک انچ کو تحفظ فراہم کرنا ہوتا ہے لیکن دہشتگرد سوفٹ ٹارگٹ کو دیکھ کر نشانہ بناتے ہیں بلوچستان میں دہشتگرد فورجی سرومز کے ذریعے کیمونیشن کرتے ہیں دہشتگردی کی خلاف بحیثیت قوم جنگ لڑنی ہوگی ریاست کیلئے آپریشن کرنا مشکل نہیں سیکورٹی پلان کا ازسرنو جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دکی میں سرچ آپریشن چل رہا ہے اور فورسز دہشتگردوں کے پیچھے ہیں ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ کی شہادت کے بعد ہم نے 6 دہشتگرد مارے اور 26 اگست واقعے کے بعد بھی چند لوگ مارے گئے ہیں۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 14 OCT 2024 Page No. 23

# Youth Empowerment through Reko Diq IGDP

In a landmark initiative to empower the youth of Balochistan, 18 talented graduates from the region have been selected for the International Graduate Development Program (IGDP) by the Reko Diq Mining Company (RDMC), which oversees the development of the Reko Diq Copper Gold Mines project. This program marks a significant investment in the future of both Balochistan and Pakistan, aiming to cultivate a skilled workforce equipped to navigate the complexities of the mining industry. The selection process, which garnered an impressive 3,000 applicants, underscores the potential and ambition of the youth in this often-overlooked part of the country. The recent meeting in Karachi with Barrick Gold's CEO, Mark Bristow, served as an encouraging moment for these young graduates. Bristow congratulated the selected candidates, including four women who represent an essential and growing voice in Balochistan's industrial landscape. Their inclusion not only champions gender diversity in a traditionally male-dominated field but also highlights the commitment to ensuring that women are part of the conversation in shaping their communities' futures. This initiative is particularly noteworthy as it represents the second batch of graduates sent for higher education via the IGDP in less than a year. The first cohort of nine students commenced their program in July 2023. The success of the inaugural group sets a precedent that bolsters the confidence of local youngsters aspiring to make a mark in mining and related sectors.

With backgrounds in Electrical Engineering, Mechanical Engineering, Civil Engineering, Geology, Environmental Sciences, and Mining Engineering, the selected youth are well-positioned to tackle industry challenges upon their return. Participants in the IGDP will receive two years of hands-on training at Barrick Gold's mining sites in Valdero, Argentina, and Lomoana, Zambia. This exposure is invaluable, offering a global perspective that can enhance their skill set and practical knowledge. By immersing themselves in advanced mining practices, these future leaders will return to Balochistan equipped not just with technical skills but with a vision of community-oriented development. The timing of this program could not be more critical, considering the anticipated commencement of production from the Reko Diq project in 2028. The non-stop challenges of underemployment and insufficient local opportunities

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 14 OCT 2024 Page No. 24

have persistently hindered the economic potential of this resource-rich region. However, with Balochistan's 25 percent stake in the Reko Diq project and the commitment to employing local talent-77 percent of the workforce at Reko Diq is expected to be from the province, largely from the Chagai district-the groundwork is being laid for significant economic growth and stability. In addition to educational initiatives, the RDMC has demonstrated its commitment to the welfare of Balochistan through various projects. The company has invested approximately 2.5 million dollars in efforts that include clean water supply initiatives, a mobile health unit in collaboration with the Indus Hospital, and the revival of three government schools that had been closed for 13 years. These welfare projects highlight a holistic approach to development-investing in both people and infrastructure to create a sustainable future.

The impact of these investments reaches far beyond immediate economic benefits. By providing education and employment opportunities, RDMC is nurturing a sense of pride and self-reliance among the youth. As they prepare to return home, these graduates will not only contribute to the technical operations of the Reko Diq project but also inspire future generations to pursue careers in mining and engineering. Pathway illuminated by the IGDP should serve as a model for similar initiatives across Pakistan. The growing acknowledgment of talent in Balochistan can catalyze the region's development narrative. By investing in education, promoting gender inclusivity, and prioritizing local participation in resource management, Balochistan can transform its resource wealth into a cornerstone of national prosperity, establishing itself as a leader in the global mining sector. Nurturing of local talent through the IGDP is a beacon of hope for Balochistan, signaling a shift toward self-empowerment and sustainable development. As these 18 selected youths embark on their educational journey, they not only carry their dreams but also the aspirations of their communities, propelling Balochistan toward a brighter economic horizon.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: مشرق

Bullet No. 6 Dated: 14 OCT 2024 Page No. 25


# کوئٹہ شہر کی خوبصورتی، تعمیر وترقی اور عوامی خوشحالی اولین ترجیح!

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اربن پلاننگ وچیئرمین کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اسفندیار خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں دعویٰ کیا ہے کہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی، تعمیر وترقی اور عوامی خوشحالی اولین ترجیح ہے۔صوبہ بلوچستان کو اربن پلاننگ میں درپیش مسائل ومشکلات کا حل نکالنے کے لیے سنجیدگی سے اقدامات کی ضرورت ہے۔اربن پلاننگ اور ماسٹر پلان کے بغیر شہر کے مسائل حل کرنا ناممکن ہے۔ بلاشبہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی اور ترقی کیلئے سنجیدہ عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت کی جانب سے بلاشبہ کوئٹہ کی خوبصورتی اور ترقی کیلئے سنجیدہ عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جبکہ شہر کی خوبصورتی ،دیرپا تعمیر وترقی کیلئے ماسٹر پلان کی بروقت تکمیل اہمیت کا حامل ہے۔تاہم اس بابت موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں کوئٹہ شہر کی دیرپا تعمیر وترقی کے لیے جامع پلاننگ اور مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات بروئے کار لارہی ہے۔جس سے عوامی مشکلات ومسائل کو خاطرخواہ حد تک کم کیا جاسکے گا۔کسی بھی شہر کی دیرپا تعمیر وترقی کے لیے جامع پلاننگ اور مربوط حکمت عملی انتہائی ضروری ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اربن پلاننگ وچیئرمین کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اسفندیار خان کاکڑ کا کوئٹہ شہر کی خوبصورتی، تعمیر وترقی اور عوامی خوشحالی اولین ترجیح ہونے سے متعلق مذکورہ بیان اس سے قبل اس طرح کے دیئے گئے بیانات اور دعوؤں کا تسلسل لگتا ہے جس میں صوبائی دارالحکومت کی خوبصورتی ،خوشحالی ،تعمیر وترقی اور اس کے مسائل حل کرنا اولین ترجیح ہے کے حوالے سے دیئے جارہے ہیں۔بدقسمتی سے اس کے پائیدار حل کے لیے پائیدار اور عملی اقدامات نہیں کئے جارہے ہیں یہ تمام صرف بیانات اور دعوے صحیح ثابت نہیں ہورہے ۔اس کے مسائل ایک عرصے سے جوں کے توں ہیں۔ان کے حل کرنے کے دعوے تو سب کرتے ہیں لیکن ان کے حل کے لیے کوئی پلاننگ نہیں کی جارہی زبانی کلامی بات ہورہی ہے ۔اس وقت صوبائی دارالحکومت کوئٹہ گوناگوں مسائل سے دوچار ہے جن میں صفائی ،ٹریفک جام ،تجاوزات ،سٹریٹ کرائمز ،چوری ڈکیتی، رہزنی، مہنگائی جیسے دیگر بڑے مسائل شامل ہیں ۔ان کو حل کرنے کے وعدے حکومت اور انتظامیہ سمیت تمام متعلقہ ادارے کررہے ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی ،تعمیر وترقی اور عوامی خوشحالی اور گوناگوں مسائل کے حل کیلئے حکومت، انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو زبانی دعوے کرنے کی بجائے عملی اقدامات کرنے چاہئیں ۔کیونکہ ایسا نہ کرنے سے یہ مسائل بڑھتے جارہے ہیں جوکہ بہت بڑا المیہ ہے۔اس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو آپس میں کوارڈی نیشن رکھتے ہوئے کام کرنا چاہیئے ۔جب تک ایسے اقدامات نہیں کئے جائیں گے کوئٹہ شہر جو صوبائی دارالحکومت ہونے کے ناطے بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے۔اسی طرح مسائل سے دوچار رہے گا۔جوکہ متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہے؟۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 14 OCT 2024 Page No.




کوئٹہ صوبائی مشیر رباب بلیدی اسٹیشن کمانڈر
پاکستان نیوی محمد عبداللہ صدیقی کو تحفہ دے رہی ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی مشیر ڈاکٹر رباب بلیدی اسٹیشن کمانڈر پاکستان نیوی کوئٹہ محمد عبداللہ صدیقی کو تحفہ پیش کر رہی ہیں



صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر رباب بلیدی سے اسٹیشن کمانڈر پاکستان نیوی کوئٹہ محمد عبداللہ صدیقی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner